Dr. Syed Taghi Abedi

MBBS(IND), MS(ENG), FCAP(USA), FRCPC(CANADA)

سید تقی عابدی

اردو زبان، تعارف عالمی کانفرنس -

پہلا سیشن (یکم اکتوبر ۲۰۱۱ء)

اردو کے عصری تقاضے اور اردو کی صورت حال

حاضرین - اردو کی بارات کراچی پہنچ گئی ہے - حیدرآباد سے محبت لے کر، لکھنؤ کی نزاکت لے کر، الہ آباد کی طراوت لے کر، آگرے کی سجاوٹ لے کر، دلّی کی شرافت لے کر، کشمیر کی لطافت لے کر، سندھ کی نفاست لے کر، پنجاب کی شجاعت لے کر سرحد کی صداقت لے کر، کراچی کی ثقافت لے کر، لندن کی سیاست لے کر، امریکہ کی ذہانت لے کر اور اکسپریس میڈیا کی صحافت اور حمایت لے کر یہاں پہنچ چکی ہے وہ اردو جو اپنے لفظی اور معنوی حیثیت سے بھی لشکر ہی ہے - جس طرح ایک لشکر میں کئی رنگ و روپ کے افراد ہوتے ہیں لیکن لشکر کا مقصد صرف ایک ہی ہوتا ہے یعنی دشمن کو شکست دی جائے اسی طرح اردو میں کئی قوموں اور رنگ اور مذاہب کے لوگ شامل ہیں جن کا مقصد صرف ایک ہے کہ اس کو عام کیا جائے -

اردو جو دکن میں پیدا ہوئی، جو شمالی ہندوستان میں گھٹنوں چلی، دلّی میں جوان ہوئی لکھنؤ میں دلہن بنی اس کا سسرال اردوئے معلّیٰ ٹھہرا اور اس کی اولاد سارے اردو محلّہ میں پھیل گئی - اردو جو پنجابی کی بہن تھی جس کا خاندان پراکرت اور برج بھاشا سے جڑا ہوا تھا فارسی کی سوکن بن گئی - فارسی جو دربار میں پہلے ہی سے موجود تھی اردو کو روکا لیکن اردو جوان تھی خوب صورت تھی چنچل تھی خوب سیرت تھی چنانچہ اردو کے پہلے صاحب دیوان شاعر محمد قلی قطب شاہ اس کے عاشق ہو گئے شاہ عالم اس کی زلفوں کے اسیر ہو گئے، محبوب علی پاشاہ اس کے محبوب بن گئے شاہ ظفر اس کی محبت میں گرفتار ہو گئے اور واجد علی پیا اس کے لیے مٹیا برج کے قفس میں نغمہ سرائی کرنے لگے اور اس طرح اردو دربار اور عوام کی زبان بن گئی -

ADDRESS:
110 Secretariate Rd.
NEWMARKET ON
3X 1M4 CANADA

Tel: 905-868-9578 (home)
Fax:905-868-9578
Tel: 416-495-2701 ext= 5233 (work)

Dr. Syed Taghi Abedi
MBBS(IND), MS(ENG), FCAP(USA), FRCPC(CANADA)
سید تقی عابدی

غزل نے اس کے ہونٹوں پر لالی لگائی، مرثیہ نے اس کی آنکھوں میں سُرمہ دیا، مثنوی نے
اس کی چوٹی گوندھی، رباعی نے چارقد اُڑھائی، قصیدہ نے قیمتی زربافت لباس پہنایا
اور جب شہر آشوب نے گیسو کو پریشان کیا تو اور بھی حسین نظر آنے لگی۔ مسجد، کلیسا
مندر اور گردوارہ سے اس کا تعلق رہا۔ میرانیس نے کلمہ پڑھوایا، گل کرسٹ
نے مسیحیت سکھائی، چکبست نے رامائن کا درس دیا، بیدی نے گرنتھ سنائی۔
یہی اردو آج اس کا چہرہ زرد ہے اس کا جسم کمزور ہے۔ خیال چہ اکسپریس
میڈیا کے حساس دانشوروں نے دنیا کے تمام علاقوں سے اردو کے طبیب
اور پرستاروں کو اکٹھا کیا ہے جس کا نام اردو عالمی کانفرنس ہے۔ اس
گلدستہ میں ہر پھول کا رنگ جدا، ہر پھول کا نام جدا اور ہر پھول کا
کام اور دام بھی جدا جدا ہے۔ آج سے سو سال قبل ۱۹۰۴ء میں اردو ترقی
بورڈ کا قیام عمل میں آیا تھا آج اردو تحفظ بورڈ کی ضرورت لاحق ہے
اردو یونسکو کے آمار کے مطابق دنیا کی ساتویں بڑی زبان ہے لیکن ہم
یونائیٹڈ نیشن کی فہرست میں ۲۱ویں ۲۲ویں نمبر پر اس لیے ہیں کہ ہم نے اپنی
مادری زبان محلّی اور مقامی زبان سندھی، بلوچی، بنگالی، پنجابی، پشتو وغیرہ
لکھوائی۔ جہاں تک اردو کی پیدائش کا تعلق ہے جس پر مختلف ادیبوں
نے یہاں اظہار خیال کیا ہے میں صرف ابوالعلا سعید احمد ناطق لکھنوی کی نظم کے
دو شعر پیش کروں گا

اک مورخ کیا کہے کب اور کہاں پیدا ہوئی
ملک میں تاریخ سے پہلے زبان پیدا ہوئی
پوچھنا تاریخ سے پیدائش اردو کا حال
کمسنوں سے ہے بزرگوں کی ولادت کا سوال

ADDRESS:
110 Secretariate Rd.
NEWMARKET ON
L3X 1M4 CANADA
Tel: 905-868-9578 (home)
Fax:905-868-9578
Tel: 416-495-2701 ext= 5233 (work)

Dr. Syed Taghi Abedi

MBBS(IND), MS(ENG), FCAP(USA), FRCPC(CANADA)

سید تقی عابدی

جہاں تک اردو کے عمومی تقاضوں کا تعلق ہے ان میں یہ چند مسائل سرِ فہرست ہو سکتے ہیں۔

ف۱ اردو کی بنیادی تعلیم = بچوں کو سکول، مکتب، سنڈے سکول، دینی مدارس اور گھر میں اردو بولنے پڑھنے اور لکھنے کی تعلیم دی جائے۔ والدین خود یا کسی معلم کے ذریعہ اس فریضہ کو ادا کریں تو اردو کا مستقبل تابناک ہو سکتا ہے۔

ف۲ اردو رسم الخط کی حفاظت = اردو کی بقا اور اردو تہذیب اور ثقافت کا ذخیرہ صرف اس وقت کارآمد ہو سکتا ہے جب جدید نسل اردو رسم الخط سے واقف ہو۔ آج کل اردو صرف کانوں کی زبان بن کر رہ گئی ہے۔ اردو رسم الخط اردو کی آن بان جان اور پہچان ہے جس میں کوئی دو رائے نہیں

ف۳ اردو کو روٹی روزگار سے جوڑنا = جب تک کہ اردو کو روزگار سے جوڑا نہ جائے گا اردو تعلیم میں مشکلات بڑھتی جائیں گی۔ اردو میں رائج الوقت کورسس پڑھائے جائیں جس سے روٹی روزگار حاصل کرنے میں سہولتیں حاصل ہوں۔

ف۴ اردو کو جدید ٹکنالوژی سے جوڑنا = کمپیوٹر اور دوسری سائنٹیفک ٹکنالوژی سے اردو کو ملحق کرنا اردو کی بقا اور ارتقا کا ضامن ہے۔

ف۵ اردو رسم الخط میں آسانیاں (املا، حروف تہجی، وقف) پیدا کرنا۔

ف۶ اردو کی نئی بستیوں کی رہنمائی اور گہوارے اردو سے ان کے ارتباطی مسائل پر عمل کرنا۔

ف۷ اردو کو معیاری بنانے اور عالمی ادب سے منسلک کرنے پر غور و خوض۔

ف۸ ریڈیو ٹی وی اور پرنٹ میڈیا کے ذریعہ اردو کی تشہیر، ترویج کے مسائل پر غور و خوض۔

ف۹ اردو کے تخلیقی اور تنقیدی تجرباتی ادب میں نئی نسل کی حوصلہ افزائی۔

ف۱۰ عالمی کانفرنسوں اور دانشگاہی سیمیناروں کے انعقاد سے اردو پرستاروں کی تعلیم و تربیت

۱۱ اردو صحافت اور جرنلزم سے عوام کو جوڑنا۔

DDRESS:
110 Secretariate Rd.
EWMARKET ON
3X 1M4 CANADA

Tel: 905-868-9578 (home)
Fax:905-868-9578
Tel: 416-495-2701 ext= 5233 (work)